مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

نئی تعلیمی سال کی افتتاحی تقریب

☆ دارالعلوم حقانیہ کے تمام درجات کے داخلے مکمل ہو گئے۔ملک بھر کے طول وعرض سے ہزاروں طلبہ نے امتحان داخلہ ٹیسٹ دی جس میں میرٹ کی بنیاد پر سینکڑوں طلباء کا انتخاب کیا گیا۔ نئے تعلیمی سال کی افتتاحی تقریب بروز بدھ ۲۰ جولائی ۲۰۱۶ء ایوان شریعت ہال میں منعقد ہوئی۔جس میں دارالعلوم حقانیہ کے تمام اساتذہ کرام اور عملہ نے شرکت کی۔حضرت مولانا سمیع الحق صاحب نے تفصیلی خطاب فرمایا جبکہ حضرت مولانا انوارالحق صاحب نے نظم وضبط اور دارالعلوم کے اُصول وقوانین بیان فرمائے۔حضرت مہتمم صاحب نے ترمذی شریف سے نئے تعلیمی سال کا افتتاح کیا۔

حضرت مہتمم صاحب کے اسفار

☆ ۲۶ رجولائی اسلامی فقہ اکیڈمی جدہ اور عالمی ادارہ صحت کی طرف سے منعقدہ کانفرنس کیلئے سعودی عرب تشریف لے گئے جہاں امام کعبہ شیخ صالح بن حمید سمیت اہم شخصیات سے ملاقاتیں کیں اور اس کے بعد عمرہ کی ادائیگی کیلئے تشریف لے گئے۔عمرے سے فراغت کے بعد باقی ایام مدینہ طیبہ میں گزارے اور ۵ اگست کو واپسی کی اس سفر میں مولانا سید یوسف شاہ صاحب ہمراہ تھے۔

☆ ۲۶ رجون ۲۰۱۶ء کو شیرانوالہ باغ گوجرانوالہ میں دفاع پاکستان کونسل کے زیراہتمام دفاع پاکستان کانفرنس کی صدارت کی۔جس میں کونسل کے دیگر قائدین کیساتھ ساتھ مذہبی وسیاسی رہنماؤں نے شرکت کی، جسکی قیادت مولانا مدظلہ نے کی اور اختتامی خطاب فرمایا۔

۱۳ اراگست کو اسلام آباد سے کراچی روانگی پر روزنامہ جنگ کے چیف ایڈیٹر میر شکیل الرحمن صاحب سے تفصیلی ملاقات کی اور ملکی اور بین الاقوامی ایشوز کے علاوہ کئی اہم امور پر اور پرانی یادوں پر تبادلہ خیال کیا۔میر شکیل صاحب نے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے کردار کو سراہا اور اکوڑہ خٹک آنے کی خواہش ظاہر کی جس پر مہتمم صاحب نے خوشی کا اظہار فرمایا۔